NHS

# HPV

## vaccination

## آپ کے کینسر میں مبتلا ہونے کے خطرے
## کو کم کرنے کے لیے ایچ پی وی انفیکشن کے
## خلاف حفاظت کرنا



arm against cancer

## آفاقی یعنی یونورسل ایچ پی وی

## حفاظتی ٹیکوں کاپروگرام

دس سے زائد سالوں سے سکول ایئر 8 کی لڑکیوں کو ایچ پی وی کی ویکسن دی جارہی ہے۔ ستمبر 2019 سے 8 ویں جماعت کے لڑکوں کو بھی یہ ویکسین دی جارہی ہے۔

اِس کی وجہ یہ ہے کہ ثبوت واضح ہیں کہ ایچ پی وی کی ویکسین لڑکوں اور لڑکیوں دنوں کو ہی ایچ پی وی سے جُڑے کینسرز سے محفوظ رکھتی ہے۔

## ایچ پی وی انفیکشن آپ کو ہیومن پیپی لوما وائرس (ایچ پی وی) کی انفیکشن ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔

یہ وائرس بعد میں زندگی میں کچھ اقسام کے کینسرز ہونے کا خطرہ بڑھا دیتا ہے، جیسے:


- رحم کا یعنی سرویکل کینسر
- مُنہ اور حلق کے کچھ کینسرز
- مقعد اور اعضائے مخصوصہ کی جگہوں کے کینسر

ایچ پی وی ویکسین جنسی عمل کے ذریعے منتقل ہونے والی دیگر بیماریوں کے خلاف حفاظت نہیں کرتیں۔

# ایچ پی وی اور یہ کیسے پھیلتا ہے





**ایچ پی وی کی انفیکشن کافی عام ہے۔** حفاظتی ٹیکے نہ لگوانے والے لوگوں میں سے 70% سے زائد لوگوں کو یہ ہو جائے گی



**ایچ پی وی جلد اور اعضائے مخصوصہ کے اردگرد والے تمام حصوں میں موجود رہتا ہے،** چنانچہ کنڈوم کا ستعمال ایچ پی وی سے مکمل حفاظت فراہم نہیں کرتا


ایچ پی وی کی **کئی مختلف انواع** موجود ہیں



زیاد تر ایچ پی وی کی انفیکشن کی کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں اور **خودبخود ٹھیک ہوجاتی ہیں**



**کچھ دور نہیں ہوتیں** اور نتیجہ کینسر کی صورت میں نکلتا ہے جبکہ دیگر اعضائے مخصوصہ پر مہاسوں یعنی وارٹس کا باعث بنتی ہیں



# اب تک ایچ پی وی ویکسین سے کیا بہتری آئی ہے؟

دنیا بھر میں 80 ملین افراد کو حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ مستقبل میں ویکسین یوکے میں ہر سال ہزاروں زندگیاں بچائے گی۔ ایک حالیہ سکاٹش تحقیق پہلے ہی دِکھا چکی ہے کہ نوجوان خواتین میں کینسر ہونے سے پہلے ہونے والی رحم کی بیماری میں 71% کمی واقع ہوئی ہے۔

یوکے میں جب سے حفاظتی ٹیکوں کا پروگرام شروع ہوا ہے، برطانیہ میں اعضائے مخصوصہ کے مہاسوں والے نوجوانوں کی تعداد میں کمی واقع ہوئی ہے۔



# یچ پی وی کی ویکسین کروانا

حفاظتی ٹیکہ آپ کے بازو میں لگایا جاتا ہے اور مکمل حفاظت کے لیے آپ کو دو خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

پہلا ٹیکہ 8 ویں جماعت میں لگایا جاتا ہے اور دوسرا عام طور پر 6 تا 12 ماہ بعد میں۔ جب آپ کو دوسری خوراک کی ضرورت ہو گی تو آپ کو مطلع کردیا جائے گا۔

آپ کو بہترین حفاظت فراہم کرنے کے لیے ویکسین آپ کو جنسی طور پر فعال ہونے سے پہلے دی جانی چاہیے۔

اگر آپ جنسی طور پر فعال ہوں تب بھی آپ کو حفاظتی ٹیکہ لگوانا چاہیے۔



## اگر مجھے ایچ پی وی کا پہلا حفاظتی ٹیکہ 15 سال کی عمر تک نہیں لگتا تو پھر کیا ہوگا؟

اگر آپ نے 15 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے ایچ پی وی کا پہلا حفاظتی ٹیکہ نہیں لگوایا تھا تو آپ کو تین خوراکوں کی ضرورت پڑے گی۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ زیادہ بڑے لڑکوں اور لڑکیوں میں دو خوراکوں کا رسپانس زیادہ اچھا نہیں تھا۔

دوسری خوراک پہلی خوراک کے ایک ماہ کے بعد دی جاتی ہے اور آخری خوراک پہلی خوراک کے تقریباً چھ ماہ بعد دی جاتی ہے۔

اگر آپ نے اپنا حفاظتی ٹیکہ مس کردیا تھا تو جتنی جلدی ممکن ہو سکے اپائنٹمنٹ مقرر کرنے کے لیے اپنے حفاظتی ٹیکوں کی ٹیم یا اپنی جی پی پریکٹس سے رجوع کریں۔

## میں نے اپنا حفاظتی ٹیکہ مس کردیا تھا کیا میں اب بھی لگوا سکتی/ سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ اگر آپ نے سکول کے دنوں میں کوئی سا بھی حفاظتی ٹیکہ مس کردیا تھا تو آپ یہ اپنی 25 ویں سالگرہ تک لگوا سکتے/سکتی ہیں۔ جتنا جلد ممکن ہو سکے اپنی سکول نرس یا جی پی پریکٹس سے رجوع کریں۔



## جن خواتین نے حفاظتی ٹیکے لگوائے تھے اُنہیں پھر بھی سرویکل سکریننگ کے لیے جانا ہوگا

پورے انگلستان میں 25 سالہ یا زائد عمر کی تمام خواتین کے سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔

حفاظتی ٹیکے قریب ٪70 کیسوں کو ہونے سے بچائیں گے لیکن کسی طرح کی دیگر سرویکل ایبنارملٹیز یعنی رحم کی غیر معمولی حالتوں کو پکڑنے کے لیے اِن کی پھر بھی ضرورت پڑے گی۔

## دیگر کینسرز کا کیا ہوگا؟

فی الحال ایچ پی وی سے جُڑے ہوئے سرطانوں کے سلسلے میں کسی قسم کے سکریننگ پروگرام موجود نہیں ہیں۔ اگر آپ کسی قسم کی علامات کے بارے میں پریشان ہیں تو اپنی جی پی پریکٹس سے بات کریں۔

ویکسین کے ذیلی اثرات یا ویکسین کے بارے میں مریضوں کے لیے معلوماتی لیف لیٹ کے لیے جائیں www.nhs.uk/hpv پر



## یاد رکھیں

**اپنی ایچ پی وی کی دو ڈوزز کم سے کم 6 ماہ کے درمیانی وقفے سے حاصل کرنا**

**مستقبل میں اپنے آپ کو متعدد اقسام کے کینسرز سے محفوظ کرنے کے لیے اپنا ایچ پی وی کا حفاظتی ٹیکہ اب لگوانا**

**توقع کی جاتی ہے کہ مستقبل میں ویکسین یوکے میں ہر سال ہزاروں زندگیاں بچائے گی۔**

## مزید معلومات کیلئے
## www.nhs.uk/child-flu ملاحظہ کر لیں

ویکسین کے اجزائے ترکیبی کی مکمل فہرست دی گئی ہے: مریضوں کے لیے معلوماتی لیف لیٹ (پی آئی ایل) میں:
www.medicines.org.uk/emc/medicine/19033

دی سمری آف دی پراڈکٹ کیریکٹرسٹکس (ایس پی سی) یعنی مصنوعہ کی خصوصیات کا خلاصہ:
www.medicines.org.uk/emc/medicine/19016/SPC/gardasil/

HPVACTION.ORG

NHS

یہ لیف لیٹ پبلک ہیلتھ انگلینڈ نے تخلیق کیا ہے۔

**حفاظتی ٹیکے، ہر کسی کی ہر عمر میں مدد کرنا۔**

©کراؤن حقوقِ اشاعت 2020 (APS 1012473A 2p 200K SEPT 2020)